[This question paper contains 2 printed pages.]

Sr. No. of Question Paper : 1983 (1)

Your Roll No..............

G

Unique Paper Code : 2141001002

Name of the Paper : AEC-(Urdu-B)

Name of the Course : Common Programme Group

Semester : I

Duration : 3 Hours

Maximum Marks : 60

GARGI COLLEGE New Delhi LIBRARY

**Instructions for Candidates**

1. Write your Roll No. on the top immediately on receipt of this question paper.

ہدایت: کل چار سوالوں کے جواب دیجیے۔ پہلا سوال لازمی ہے۔ نمبر مساوی ہیں۔

۱۔ مندرجہ ذیل شعری اقتباسات میں سے کسی ایک حصے کی تشریح مع سیاق و سباق کیجیے۔

(الف)

خلق کہتی ہے جسے دل ترے دیوانے کا — ایک گوشہ ہے یہ دنیا اسی ویرانے کا
اک معمّہ ہے سمجھنے کا نہ سمجھانے کا — زندگی کاہے کو ہے خواب ہے دیوانے کا
معلوم سب ہے پوچھتے ہو پھر بھی مدعا — اب تم سے دل کی بات کہیں کیا زباں سے ہم
اے زہد خشک تری ہدایت کے واسطے — سوغاتِ عشق لائے ہیں کوئے بتاں سے ہم
جب ہوا عرفاں تو غم آرامِ جاں بنتا گیا — سوز جاناں دل میں سوز دیگراں بنتا گیا

(ب)

خدا سے حسن نے اک روز یہ سوال کیا — جہاں میں کیوں نہ مجھے تونے لازوال کیا
ملا جواب کہ تصویر خانہ ہے دنیا — شب درازِ عدم کا فسانہ ہے دنیا

2

ہوئی رنگِ تغیر سے جب نمود اس کی
وہی حسیں ہے حقیقت زوال ہے جس کی
کہیں قریب تھا، یہ گفتگو قمر نے سنی
فلک پہ عام ہوئی اختر سحر نے سنی
سحر نے تارے سے سن کر سنائی شبنم کو
فلک کی بات بتادی زمیں کے محرم کو

GARGI COLLEGE
New Delhi
LIBRARY

پطرس بخاری کی انشائیہ نگاری پر مضمون لکھیے۔

راجندر سنگھ بیدی کی افسانہ نگاری پر نوٹ لکھیے۔

فانی بدایونی کی غزل گوئی کا تجزیہ کیجیے۔

علامہ اقبال کی نظم نگاری پر تبصرہ کیجیے۔

غزل اور انشائیے کی تعریف مثالوں کے ساتھ لکھیے۔

[This question paper contains 4 printed pages.]

**Your Roll No...............**

**G**

**Sr. No. of Question Paper :** 1984

Unique Paper Code : 2141001003

Name of the Paper : Urdu C

Name of the Course : **AEC**

Semester : I

Duration : 2 Hours

Maximum Marks : 60

GARGI COLLEGE
New Delhi
LIBRARY

**Instructions for Candidates**

1. Write your Roll No. on the top immediately on receipt of this question paper.

1۔ دیے ہوئے شعروں میں سے وہ الفاظ تلاش کرکے لکھیے جن میں 'ھ' کا استعمال ہوا ہے۔ 6

آنکھوں میں تارے کی چمک ہے
مکھڑے پر چاندنی کی جھلک ہے

دھوپ چڑھے تارا چمکا ہے
پتھر پر اک پھول کھلا ہے

چاند کا ٹکڑا، پھول کی ڈالی
کم سن، سیدھی، بھولی بھالی

ان واحد لفظوں کی جمع لکھیے۔ 10

پگڑی، تھالی، ڈالی بالی، گڑیا، چیز، ندی، تارا، آنکھ، پیادہ

3۔ ان لفظوں کے متضاد (اُلٹے) الفاظ لکھیے۔ 8

آخر، بہتر، بُرا، پاس، نادان، اپنا، جنگ، بادشاہ

4۔ کوئی سے تین محاوروں کو جملوں میں استعمال کیجیے۔ 9

سر کھجانا، لال پیلا ہونا آسمان سے باتیں کرنا

آسمان سر پر اٹھانا، کانا پھوسی کرنا، پیٹ میں چوہے دوڑنا،

GARGI COLLEGE New Delhi LIBRARY

5۔ دیے ہوئے سوالوں کے صحیح جواب کو چن کر لکھیے۔ 5

(i) ننھی پجارن کی آنکھوں میں نیند کیوں بھری ہے؟

(a) رات کو نیند نہیں آئی (b) وقت سے پہلے جاگ گئی (c) سوتی ہی رہتی ہے

(ii) غزل کے آخری شعر کو کیا کہتے ہیں؟

(a) مطلع (b) مقطع (c) تخلص

(iii) نظم آدمی نامہ کس شاعر کی ہے؟

(a) غالب (b) نظیر اکبرآبادی (c) حالی

(iv) صحیح لفظ سے مصرع پورا کیجیے۔

ہم کو ان سے ............ کی ہے امید

(a) چاندی (b) وفا (c) ناداں

(v) بوڑھا کہاں بیٹھا کہانیاں سنا رہا تھا؟

(a) چوپال میں (b) اسٹیشن کے باہر برآمدے میں (c) کھیتوں میں

6۔ نیچے دیے ہوئے سوالوں میں سے دو کے جواب لکھیے۔ 10

GARGI COLLEGE New Delhi LIBRARY

(i) ماں کو ننھی پجارن کے چٹکی کیوں لینی پڑی؟

(ii) شاعر نے چاندنی کے گھبرانے کی کیا وجہ بیان کی ہے؟

(iii) ہزاروں سال لمبی رات کہانی میں سننے والے لوگ آخر میں بوڑھے پر کیوں ناراض ہوئے؟

(iv) مولانا آزاد کے مطابق کامرانی کا راز کیا ہے؟

7۔ کسی ایک حصے کی تشریح کیجیے۔ 12

(الف)

وہ جو ہم میں تم میں قرار تھا تمہیں یاد ہو کہ نہ یاد ہو
وہی یعنی وعدہ نبھاہ کا تمہیں یاد ہو کہ نہ یاد ہو

وہ نئے گلے، وہ شکایتیں، وہ مزے مزے کی حکایتیں
وہ ہر ایک بات پہ روٹھنا، تمہیں یاد ہو کہ نہ یاد ہو

6

(ب)

کیا چھا رہی ہے چاندنی
اٹھلا رہی ہے چاندنی
دریا کی اک اک لہر کو
نہلا رہی ہے چاندنی
لہرا رہی ہے چاندنی!

GARGI COLLEGE
New Delhi
LIBRARY

11/1/2024
morning

7

Sr. No. of Question Paper : 2053
Unique Paper Code : 2141002002
Name of the Paper : AEC Urdu - B
Name of the Course : B. A.
Semester : III

GARGI COLLEGE New Delhi LIBRARY

Time: 2 Hours

Max Marks: 60

نوٹ: ذیل میں سے صرف چار سوالوں کے جواب لکھیے۔ پہلا سوال لازمی ہے۔ نمبر مساوی ہیں۔

سوال:۱۔ مندرجہ ذیل اشعار میں سے صرف تین اشعار کی تشریح مع سیاق وسباق کیجیے۔

| | |
|---|---|
| اک معمہ ہے سمجھنے کا نہ سمجھانے کا | زندگی کاہے کو ہے خواب ہے دیوانے کا |
| تیری آمد کے تصدق ترے جلووں کے نثار | آ مری قبر پہ آ، حشر کا سامان بھی لا |
| معلوم سب ہے، پوچھتے ہو پھر بھی مدعا | اب تم سے دل کی بات کہیں کیا زباں سے ہم |
| میں ہوں کیا میری محبت کی حقیقت کیا ہے | اس نے یہ بھی نہ پوچھا تیری حالت کیا ہے |
| میں اکیلا ہی چلا تھا جانب منزل مگر | لوگ ساتھ آتے گئے اور کارواں بنتا گیا |
| ہم بھی ہمیشہ قتل ہوئے اور تم نے بھی دیکھا دور سے لیکن | یہ نہ سمجھا ہم کو ہوا ہے جان کا نقصاں تم سے زیادہ |

سوال:۲۔ راجندر سنگھ بیدی کے افسانے 'لاجونتی' کا خلاصہ لکھیے۔

سوال:۳۔ پطرس بخاری کے انشائیہ 'سویرے جو کل آنکھ میری کھلی' پر اپنے خیالات کا اظہار کیجیے۔

سوال:۴۔ نظم 'ٹوٹا ہوا ستارہ' میں سردار جعفری کیا کہنا چاہتے ہیں؟ بیان کیجیے۔

سوال:۵۔ اقبال کی نظم 'حقیقت حسن' کا مرکزی خیال پیش کیجیے۔

سوال:۶۔ غزل یا انشائیہ کی تعریف، مع مثالوں کے بیان کیجیے۔

Sl-No. OD Q.P: 2054   8

Unique Paper Code : 2141002003

Name of the Course : AEC

Name of the Paper : Urdu-C

Semester : III

GARGI COLLEGE New Delhi LIBRARY

Time: 2 Hours M. Marks : 60

1۔ نیچے لکھے شعری حصے کو دھیان سے پڑھیے اور دیے ہوئے سوالوں کے جواب دیجیے۔ 10

رخصت ہوا وہ باپ سے لے کر خدا کا نام      راہ وفا کی منزل اوّل ہوئی تمام
منظور تھا جو ماں کی زیارت کا انتظام      دامن سے اشک پونچھ کے دل سے کیا کلام
اظہارِ بے کسی سے ستم ہوگا اور بھی
دیکھا ہمیں اداس تو غم ہوگا اور بھی

(i) شری رام کس کا نام لے کر باپ سے رخصت ہوئے؟

(ii) کون سے راستے کی پہلی منزل تمام ہوئی؟

(iii) باپ کے بعد اب شری رام کس سے ملنے جا رہے تھے؟

(iv) شری رام نے آنسو کس سے پونچھے؟

(v) اگر ماں نے شری رام کو اداس دیکھا تو کیا ہوگا؟

2۔ نیچے لکھے اقتباس کو دھیان سے پڑھیے اور دیے ہوئے سوالوں کے جواب دیجیے۔ 10

آنسو پونچھ کر اور دل مضبوط کر کے میز کے سامنے آ بیٹھے، دانت بھینچ لیے، نک ٹائی کھول دی، آستینیں چڑھا لیں، لیکن کچھ سمجھ میں نہ آیا کہ کیا کریں؟ سامنے سُرخ، سبز، زرد، سب ہی قسم کی کتابوں کا انبار لگا تھا، اب ان میں سے کون سی پڑھیں؟ فیصلہ یہ ہوا کہ پہلے سب کتابوں کو ترتیب سے میز پر لگا دیں کہ باقاعدہ مطالعہ کی پہلی منزل یہی ہے۔

3

(i) میز کے سامنے بیٹھنے سے پہلے کیا کیا؟

(ii) میز کے سامنے بیٹھنے کے بعد کیا کیا؟

(iii) سامنے کیسی کتابیں پڑی تھیں؟

(iv) جب کچھ سمجھ نہ آیا تو کیا فیصلہ ہوا؟

(v) یہ پیراگراف کس سبق سے لیا گیا ہے؟

GARGI COLLEGE New Delhi LIBRARY

5 نیچے دیے ہوئے مصرعوں کو مکمل کیجیے۔

(i) یہ نہ تھی ________ قسمت کہ وصالِ یار ہوتا

(ii) قفس اداس ہے یارو ________ سے کچھ تو کہو

(iii) ستاروں سے آگے ________ اور بھی ہیں

(iv) یہ خلش کہاں سے ہوتی ہو ________ کے پار ہوتا

(v) تم ہی نہیں تو آگ لگادوں گی ________ کو

15 نیچے دیے ہوئے اشعار میں سے تین کی تشریح لکھیے۔

گلوں میں رنگ بھرے بادِ نو بہار چلے
چلے بھی آؤ کہ گلشن کا کاروبار چلے

بڑا ہے درد کا رشتہ یہ دل غریب سہی
تمہارے نام پہ آئیں گے غم گسار چلے

گئے دن کہ تنہا تھا میں انجمن میں
یہاں اب مرے رازداں اور بھی ہیں

ہوئے مر کے ہم جو رسوا، ہوئے کیوں نہ غرقِ دریا
نہ کبھی جنازہ اٹھتا، نہ کہیں مزار ہوتا

تو شاہیں ہے پرواز ہے کام تیرا
ترے سامنے آسماں اور بھی ہیں

5۔ نظم رامائن کا ایک سین کا مرکزی خیال لکھیے۔

یا

نظم شیشے کا آدمی کے ذریعے شاعر نے کیا پیغام دیا ہے؟

6۔ 'جی آیا صاحب' کی کہانی اپنے الفاظ میں لکھیے۔

یا

مرزا غالب کی شاعری کی خوبیاں بتائیے۔

GARGI COLLEGE
New Delhi
LIBRARY

..................